# Semester VI

**B.Ed(4 Years) Elementary Education**

| Code | Subject Title | Cr. Hrs | Semester |
|---|---|---|---|
| EDE- 376 | Methods of teaching Islamiyat in Elementary schools | 3 | 6 |

| Year | Discipline |
|---|---|
| 3 | Elementary Education |

**Aims**

- تدریس اسلامیات کی اہمیت کو بیان کرسکیں
- دوسرے مضامین کی تدریس کے مقابلے میں تدریس اسلامیات کی اہمیت کو واضح کر سکیں
- ان بنیادی مقاصد کو زیر بحث لا سکیں جنہیں اسلامیات کی تدریس میں ایک استاد پیش نظر رکھتا ہے
- پاکستان کے استحکام میں تدریس اسلا میات کے کردار کا جائزہ لے سکیں
- تدریس اسلامیات میں مختلف روایتی اور جدید طریقہ ہائے تدریس کی اہمیت ضرورت اور افادیت کو سمجھ سکیں
- تدریس اسلامیات کے مروجہ طریقوں کا بہترین استعمال کر سکیں
- اسلامیات ایلمینٹری کی سطح کے نصاب سے واقف ہو سکیں
- اسلامیات کے سبقی اشارات (لیسن پلان ) بنانے اور دوران کلاس موئثر تدریس کے قابل ہو سکیں
- تدریس اسامیات میں جائزہ ،امتحانات کے موئثر طریقوں کو استعمال کرنے کے قابل ہو سکیں

**Objectives**

**تدریس اسلامیات کے خصوصی مقاصد:**

**معلوماتی /علمی مقاصد:**

تعلیم قرآن مجید ،فہم حدیث ،عقائد اسلام و ارکان اسلام،عقائد وارکان اسلام ،سیرت النبیﷺ،سوانح صحابہ وخلفائے راشدین

**مہارتی مقاصد :**

اسلام ایک عملی مذہب ہے اس لئے اس کی تدریس میں مہارتی مقاصد پیش نظر رکھے جائیں ،وضو کا طریقہ ،نماز پڑھنے کا طریقہ ،نماز عیدین ،نماز جنازہ پڑھنے کا طریقہ ،مسجد میں داخل ہونے اور نکلنے کے آداب ،کسی سے ملنے اور بات چیت کرنے کےآداب وغیرہ ایسے اعمال ہیں جن میں تدر یس کے مہارتی مقاصد کو سامنے رکھنا ضروری ہے اس لئے چاہیئے کہ ان کاموں کا استاددوران تدریس خود عملی مظاہرہ کر کے دکھائے گا.

**استحسانی مقاصد :**

تدریس اسلامیات میں جہاں بھی اسلامی معلومات فراہم کی جائیں ساتھ درست طریقے اختیار کئے جائیں طلبہ میں اسلامی جذبہ ،پختہ ایمان اور اعمال صالح کی محبت پیدا کرنے کی کوشش کی جائے اسلامی اخوات کا درس دیا جائے ،ایک عالمی معاشرے کا تصور اور اپنے ملک سے محبت کا درس دیا جائے اور ان کے اندر حب الوطنی پیدا کی جائے -

**Syllabus**

## 1- اسلام کا تعارف

- دین اسلام کے لغوی واصطلاحی معنی ومفہوم
- اسلام کی خصوصیات

### اسلام میں تعلیم کی اہمیت

- اسلام کا تصور تعلیم

### اسلامیات بطور مضمون

- تدریس اسلامیات کی ضرورت واہمیت ۔
- تدریس اسلامیات کے مقاصد عمومی اور مقاصد خصوصی ۔
- تدرس اسلامیات کا آغاز وارتقاء۔

## 2 - معلم ومتعلم اسلامیات

معلم اسلامیات کے اوصاف

فن تعلیم وتربیت

- قرآن کا طریقہ تدریس مع امثال
- نبیﷺ معلم اعظم اور آپﷺ کا طریقہ تد ریس مع امثال

### تدریس کے عام اصول

**I. اصول آمادگی**

تدریس سے قبل آمادگی پیدا کی جائے ،سوالات کے ذریعے ،خوش رنگ تصاویر /ماڈلز کا استعمال ،تدریسی مواد کو کہانی کی شکل میں پیش کیا جائے

**II. اصول انتخاب**

بچوں کو وہ مواد پڑ ھائیں جو آسان ہو اور ان کی عمر اور ان کے ذہن کے مطابق ہو

**III. عملی زندگی سے ربط**

تدریسی مواد کو روزمرہ زندگی کے واقعات ان کی سابقہ معلومات تجربات ومشاہدات اور سماجی ماحول سے مربوط کر کے فر اہم کی جائیں

**IV. خود کر کے سیکھنے کا اصول**

معلم ساری کی ساری معلومات خود نہ بتا دے بلکہ خود کر کے سیکھنے کے مواقع فراہم کرے،چارٹس ،ماڈلزوغیرہ بنوائے جا سکتے ہیں ،نماز باجماعت کا اہتمام ،وضو کی عملی تعلیم وغیرہ

**V. تقسیم کا اصول :**

طلباء کو جو نصاب پڑھانا ہے اسے مناسب اجزاء میں تقسیم کر لیا جائے ،ہر جز کا دوسرے جز کے ساتھ ربط ہونا چاہیے

**VI. اعادہ :**

تدریس میں یہ ٹیکنیک ہمارے ملک میں سب سے زیادہ استعمال ہو تی ہے ،معلم کو چاہئیے کہ جو کچھ بچوں کو پڑ ھا یا جائے اس کا اعادہ اور مشق کی جائے

تدریس کےعام گر (techniques)

I. معلوم سے نامعلوم کی طرف
II. سادہ سے پچیدہ کی طرف
III. آسان سے مشکل کی طرف
IV. خاص سے عام کی طرف
V. ٹھوس سے مجرد کی طرف
VI. مکمل سے جز کی طرف
VII. منطقی کی بجائے نفسیاتی ترتیب
VIII. فطرت کے مطابق تعلیم

3- <u>طریقہ ہائے تدریس اسلامیات</u>

**1. تقریری طریقہ تدریس/لیکچر کا طریقہ**

ایمانیات،عبادات ،اخلاقیات ، قصص الانبیاء ،سیرت ا لنبیﷺ اور تاریخ اسلام تقریری طریقہ سے پڑھائی جائے گی

(سوالات وجوابات ،زبانی بیان اور امدادی اشیاء کا استعمال کیا جائے )

**2. منصوبی طریقہ تدریس**

اس طریقہ میں متعلم کی مرکزی حیثیت حاصل ہوگی اور متعلم کا کردار ایک رہنما کا ہوگا

I. انفراد ی منصوبہ
II. گروہی منصوبہ

**3. مباحثی طریقہ تدریس**

مفید موضوع اور طلبہ کے سبق سے متعلق ہو

طلبہ کی عمر اور استعداد کے مطابق موضوع ہو

**4. طریق الترجمہ تدریس**

آیات و احادیث کے لئے اختیار کیا جائے گا

اس طریقہ میں مشقی طریقہ کا استعمال کیا جائے

**5. مظاہراتی طریقہ تدریس**

طلبہ کو عمل کے ذریعے سکھانا مظاہراتی طریقے میں سمعی وبصر ی معاونات کا استعمال ہوگا

قرآن مجید کی تلاوت ،علم تجوید وقرات اور عبادات، نماز،وضو اور حج کا طریقہ سکھانے میں معاون ہے

استاد خود بھی بہتر اخلاق کا مظاہرہ کرے

**6. تفویضی طریقہ تدریس**

ایک موضوع پر مزید مطالعہ ،جمع مواد ،ترتیب مواد اور پیش کش مواد سکھایا جائے

**7. مشقی طریقہ تدریس**

اسلامیات میں مشقی طریقہ کا استعمال درج ذیل طریقہ سے ہوگا

تقریر :سورت یا آیت کو بار بار پڑھا جائے گا استاد تصحیح کرے گا بار بار مشق کی جائے گی

تحریر :آیات اور ترجمہ لکھنے کی مشق کی جائے گی

**8. سمعی وبصر ی معاونات کے ذریعے تدریس اسلامیات**

**نوٹ:تما م طا لب علم اسلامیات لازمی کی ایلمینٹری لیول کی کتب میں سے اسباق منتخب کریں گے اور تفویض کردہ طریقہ ہائے تدریس کا سبقی اشارات تیار کرنے بعد اپنی کلاس میں اس کا عملی مظاہرہ کر یں گے**

**4- سمعی وبصر ی معاونات**

سمعی وبصر ی معاونات کی اقسام ، استعمال اور تجاویز

5- <u>نصاب اسلامیات</u>

- نصاب کے مقاصد کا تعین
- مختلف درجات کے لئے نصاب اسلامیات مرتب کرنا
- ایلمنٹری سطح پر اسلامیات کی نصاب سازی کے اصول

**نوٹ: تمام طلبہ وطالبات ایلیمنٹری لیول کی اسلا میات کی کتب کا جائزہ لیں اور کلاس میں اسے پیش کریں تاکہ اسلامیات کے نصاب سے واقفیت ہو جائے**

6- <u>سبقی اشارے کی تیاری :</u>

- سبقی اشارے کا مفہوم
- سبقی اشارے کی ضرورت واہمیت
- سبقی اشارے کی اقسام
- سبقی اشارے کے نمونے اورخاکے

**نوٹ:تما م طریقہ ہائے تدریس اسلامیات کا طلبہ وطالبات اپنے کمرہ جمات میں عملی مظاہرہ کر یں گے.**

**7- <u>امتحانات وجائزہ:</u>**

- تعلیمی جائزہ کی ضرورت واہمیت
- تعلیمی جائزہ کی اقسام
- تعلیمی جائزہ کے مقاصد
- تعلیمی جائزہ کے طریقے(معروضی اور موضوعی آزمائشیں )
- امتحانات کی اہمیت
- اسلامیات کے مضمون کی پرچہ سازی کے اصول
- اسلامیات کے پیپرز جانچنے کے اصول

**نوٹ:کلاس روم میں طلبہ وطالبات سے اسلامیات کے مختلف درجوں کے پیپرز بنوائے جا ئیں اور کلاس میں پیش کر کے ان پر ڈسکشن کی جائے ،تاکہ پیپر سازی اور اسے جانچنے کے اصولوں سے واقف ہو جائیں**

## عملی کام :

گروپس ورک ،آرٹیکل پرزنٹیشن ،سبقی اشارہ ،سبقی خاکہ کی تیاری پلاننگ برائے اسلامیات ایلیمنٹری کلاسسز

## مجوزہ کتب :

تدریس اسلامیات برائے بی ایڈ ،علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ،اسلام آباد

تعلیم وتعلم از منور ابن صادق،صا دقیہ پبلیکیشنز،لاہور

اسلامیات اور اس کے سبقی خاکے ،اوسط علی صدیقی ،س ن

اسلام کا نظام تعلیم از منشی عبدالرحمن ،علمی ادارہ اشاعت علوم اسلامیہ ،ملتان

اسلام کا معاشرتی نظام از ڈاکٹر خالد علوی ،الفیصل پبلیشرز،لاہور،2015

تدریس اسلامیات از افشاں زبیر مجید بک ڈپو،لاہور .،2009

تدریس اسلامیات ،مزمل احسن شیخ ،مجید بک ڈپو، لاہور ،2005

فن تعلیم وتربیت ،افضل حسین ،الفیصل پبلیکیشنز ،لا ہور ،2010

ڈاکٹر عبدالرشید ،تدریس اسلامیات ،ملتان کاروان ادب

رشید احمد قاسمی ،تدریس اسلامیات ،گلوب پبلیشرز